جناب اختر راہی، ایم۔ اے

تعارف و تبصرۂ کتب

پاکستان میں مسیحیت | تالیف: ڈاکٹر نادر رضا صدیقی۔ ناشر: مسلم اکادمی ۱۸/۲۹ محمد نگر لاہور ۵
قیمت: چالیس روپے۔ صفحات: ۵۲۰۔

پاکستان ایک نظریاتی مملکت ہے جس کا مقصد وجود اسلامی نظام حیات کو عملی جامہ پہنانا ہے۔ اللہ کا پیغام نہ صرف دوسری اقوام کو پہنچانا ہے۔ بلکہ خود اس کا عملی نمونہ بننا ہے۔ مگر افسوسناک پہلو یہ ہے کہ پاکستان میں ایک بڑی تعداد ہر سال اسلامی تعلیمات سے روگرداں ہو جاتی ہے۔ یا تو وہ حلقۂ عیسائیت میں داخل ہو جاتی ہے یا تشکیک والحاد کی لپیٹ میں آجاتی ہے۔ زیر نظر تالیف "پاکستان میں مسیحیت" پر طائرانہ نظر ڈالنے سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ ہم کدھر جا رہے ہیں اور خلاف اسلام طاقتیں کس قدر منظم ہیں اور ان کے حملے کیا رنگ لا رہے ہیں۔

ڈاکٹر محمد نادر رضا صدیقی نے چند سال پہلے کراچی یونیورسٹی میں پاکستان میں اشاعت مسیحیت پر پی۔ ایچ۔ ڈی کا مقالہ تحقیق پیش کیا تھا۔ انہوں نے آٹھ سال کی مسلسل محنت سے جو مصدقہ معلومات اکٹھی کی تھیں۔ اُن کا ایک حصہ مناسب ترتیب و تدوین کے بعد اس کتاب کی صورت میں ہمارے سامنے ہے۔

ڈاکٹر محمد نادر رضا صدیقی صاحب نے اعداد و شمار کے ساتھ اشاعت مسیحیت کا جائزہ لیا ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ دنیا بھر میں اشاعت و تبلیغ مسیحیت کی جو تحریک جاری ہے اسے جن ملکوں میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ پاکستان اُن میں تیسرے نمبر پر ہے۔ یہاں یورپی ممالک کے مختلف تبلیغی ادارے کام کر رہے ہیں۔ جن کے عقائد و اعمال میں باہم اختلاف و تضاد پایا جاتا ہے۔ مگر اشاعت مسیحیت کے لئے وہ سب متحد ہیں۔ وہ آپس میں کبھی نہیں ٹکراتے۔ انہوں نے پاکستان کو مختلف حلقوں میں بانٹ رکھا ہے اور کوئی تبلیغی ادارہ دوسرے تبلیغی ادارے کے حلقے میں مداخلت نہیں کرتا۔

زیر نظر کتاب چھ ابواب اور تیس اہم نقشوں اور ضمیموں پر مشتمل ہے۔ مؤلف نے پہلے دو ابواب میں مسیحیت کے بارے میں تمام بنیادی معلومات مہیا کی ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات، اُن کے پیغام

بائبل کی ترتیب و تدوین اور مسیحی عقائد پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ مؤلف موصوف نے انجیل کے ساتھ ساتھ اسلامی تعلیمات کا تقابل کیا ہے اور اہل انصاف کو دعوت غور و فکر دی ہے۔ تیسرے باب میں مسیحی تبلیغی اداروں کے طریق کار پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ چوتھے اور پانچویں باب میں پاکستان میں نفوذ مسیحیت کے اسباب کا ذکر ہے۔ اور آخری باب میں اُن مسیحی فرقوں اور تبلیغی اداروں کا تعارف ہے جو پاکستان میں کام کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر محمد نادر رضا صدیقی صاحب مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اس نہایت اہم موضوع پر تحقیقی کتاب پیش کی ہے۔ راقم الحروف کو ذاتی تجربہ ہے کہ کسی مسیحی تبلیغی ادارے کے بارے میں صحیح معلومات حاصل کرنا بہت مشکل ہے۔ مسیحی مشنری عموماً اپنے بارے میں کچھ بتانے سے گریز کرتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے مختلف ذرائع سے جو معلومات حاصل کی ہیں۔ یہ کسی دوسری جگہ یکجا نہیں مل سکتیں۔ جناب حافظ نذر احمد نے بھی اپنے مقدمہ میں اپنے تجربہ کی روشنی میں فکر انگیز گفتگو کی ہے

راقم الحروف کا مشورہ ہے کہ یہ کتاب ہر مسلمان کی نگاہ سے گزرنی چاہئے۔ بطور خاص مبلغوں اور خطیبوں کو اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ تاکہ وہ اپنے دائرہ کار کو متعین کر سکیں اور اس خطرناک صورت حال کو بدلنے کے لئے کوشش کر سکیں۔

خوشخبری

دعوات حق کی دوسری جلد

شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ کے خطبات و مواعظ اور ارشادات کا عظیم الشان مجموعہ علم و حکمت کا گنجینہ جسکی پہلی جلد کو ہر طبقے میں سراہا گیا۔ اور اہل علم و خطباء اور تعلیم یافتہ طبقہ نے ہاتھوں ہاتھ لیا۔ اور جس کا کوئی ایک نسخہ بھی اس وقت دستیاب نہیں ـــ الحمد للہ کہ انتظار شدید کے بعد اسکی دوسری جلد کتابت و طباعت کے مراحل سے گزر کر شائع ہو گئی ہے۔ تقریباً ساڑھے پانچ سو صفحات پر مشتمل اس دوسری جلد میں بھی دین و شریعت۔ اخلاق و معاشرت۔ علم و عمل۔ نبوت و رسالت۔ شریعت و طریقت کا کوئی پہلو ایسا نہیں جس پر حضرت مدظلہ نے عام فہم اور درد و سوز میں ڈوبے ہوئے انداز میں گفتگو نہ کی ہو۔ آج ہی کتاب طلب کیجئے ورنہ جلد اوّل کی طرح اسکی نایابی پر بھی افسوس کرنا پڑے گا۔ صفحات ۵۲۰۔ قیمت چالیس روپے۔ طباعت آفسٹ۔ جلد دیدہ زیب۔

مؤتمر المصنفین ـــ دارالعلوم حقانیہ۔ اکوڑہ خٹک۔ (پشاور)